لن تنالوا البر حتی تنفقوا مما تحبون

نہ پہنچو گے نیکی کی حد کو جب تک نہ خرچ کروگے ایک (اللہ کی راہ میں) جس سے محبت رکھتے ہو

کیفیت

سال سی و یکم مدرسہ عربیہ اسلامیہ

مظاہر علوم سہارنپور

بابت سنہ ۱۳۱۳ھ

حسب فرمایش مہتممان مدرسہ ہذا بایمائے جناب حافظ مولوی محمد عبد اللہ صاحب منشی کارپرداز ان مطبع

در مطبع مجتبائی دہلی طبع گردید

مختصر فہرست کتب موجودہ کتبخانہ تجارت مطبع مجتبائی دہلی

قرآن شریف چار ترجمہ دو
ترجمہ فارسی شاہ ولی اللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ
و شیخ سعدی شیرازی رح۔ و دو
ترجمہ اردو شاہ رفیع الدین رح
و شاہ عبد القادر رح۔ مع فوائد و
شان نزول برحاشیہ تقطیع کلان
۲۰+۲۶ مجتبائی کاغذ حنائی — للعہ

حمائل شریف مصری مجتبائی
نہایت صحیح اس حمائل مین بھی
بالکل وہی صفات ہین جو کہ حمائل
مترجم ایک اشرفی فی غلطی انعام
والی مجتبائی مین ہین دیکھنے
سے اسکی خوبی شائقین معلوم
کرسکتے ہین اور بشرط پسند مطبع
سے روانہ ہوسکتی ہے۔ کاغذ چکنا
ولایتی بلا جلد — ۱۲/
حمائل شریف منشی ممتاز علی
والی مطبوعہ مطبع مصطفائی دہلی
سنہ ۱۳۱۳ھ کاغذ سفید چکنا صاف
صحیح طول ۵۰۔ انچہ عرض ۳ انچہ — ۱۰/
ایضاً حنا شدہ — ۱۲/
ایضاً بلا حنا مجلد پارچہ — عہ
ایضاً مجلد چرمی عمدہ — ۱۴/
اگر حنا شدہ مجلد ہوگی تو قیمت میں ۱/ اضافہ ہونگے۔

حمائل شریف مصری مترجم
مجتبائی اس حمائل کو مصری و
مترجم دونون کہہ سکتے ہین کیونکہ
متن اسکا مصری ہے اور حاشیہ پر
ہندسہ وار آیۃ آیۃ کا با محاورہ اردو
ترجمہ شاہ عبد القادر صاحب رح
کا لکھا ہے۔ اسکا اشتہار فی غلطی
متن ایک اشرفی یا دس روپیہ
نقد ہے۔ یہ وہ حمائل ہے کہ جسکی
مثل کوئی حمائل آج تک تمام
ہندوستان مین طبع نہین ہوئی
اور جسکی نسبت صاف اعلان ہے
کہ جو صاحب طلب کرین اگر مرضی
کے موافق نہ پاوین تو فوراً
ویلیو پی ایبل مطبع کو واپس
کردین بلا جلد کاغذ رسمی — ۱۲/
ایضاً مجلد چرمی نقرئی کاغذ رسمی — للعہ
ایضاً مجلد طلائی درجہ اول کاغذ — صہ/
ایضاً کاغذ چکنا ولایتی بلا جلد — للعہ
ایضاً مجلد چرمی نقرئی — ۱۰/ — صہ/
ایضاً مجلد چرمی طلائی درجہ اول — ۱۲/ — ۱۲/
ایضاً مجلد چرمی طلائی درجہ اعلی — عہ — ۱۲/
ایضاً کاغذ زرد بلا جلد — ۱۴/ — للعہ
ایضاً مجلد چرمی نقرئی — صہ

حمائل شریف مصری و مترجم مجتبائی
کاغذ زرد مجلد چرمی طلائی درجہ اول — ۱۲/
ایضاً مجلد چرمی طلائی درجہ اعلی — ۱۲/
یہ حمائل شریف حسب ذیل چار ضرح
پر رکھی گئی ہے
(۱) محض سادہ بلا رنگ حنا
(۲) متن حنائی
(۳) بیاض مابین متن و حاشیہ
حنائی۔
(۴) متن و بیاض مابین متن و
حاشیہ دونون رنگین۔
واضح ہو کہ جلدین ان حمائلوں
کی ایسی نہین ہین کہ ہر مقام پہ
تیار ہوسکین بلکہ کلکتہ مین بھی
ایسی جلدون کا بننا بلا اہتمام خاص
ممکن نہین بعض اجلاد درجہ اعلی
کی پشت پر طلائی حرفون مین یہ
عبارت بھی ثبت ہے۔

تفسیر جلالین مع کمالین
محشی بحواشی جدیدہ و مفیدہ مجتبائی
کاغذ ولایتی
ایضاً کاغذ گلابی موٹا تقطیع کلان — صہ
۱۶+۲۶

تفسیر جلالین محشی فاروقی — ۸/
تفسیر بیضاوی تا سورہ بقرہ — ۱۲/
یعنی تا مقام درس محشی بحواشی از — ۱۲/
شہاب خفاجی و ملا عصام عبد الحکیم
سیالکوٹی۔ مجتبائی جلد اول
ایضاً جلد دوم بصفات مسطورہ
بالا تا سورہ کہف
تفسیر مظہری قاضی ثناء اللہ
صاحب پانی پتی رح منزل اول
مطبوعہ حصار
تفسیر عزیزی فارسی سورہ بقرہ
از مولانا شاہ عبد العزیز صاحب رح
محدث دہلوی نہایت صحیح مطبوعہ
مطبع مجتبائی معہ فرہنگ
ایضاً کاغذ ولایتی
تفسیر سورہ ہود از مولوی
سپہدار خان دہلوی۔ مجتبائی
ترمذی شریف محشی
شمائل نبوی باضافہ فہرست
ابواب۔ مجتبائی صحیح
طبع جدید
ایضاً کاغذ ولایتی
مسند امام اعظم مع — صہ
ملا علی قاری رح مجتبا — ۸/

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ اللہ العلی العظیم ونصلی علی رسولہ الکریم وعلی آلہ واصحابہ اجمعین۔ اللہ جل شانہ کے انعامات بے انتہا واحسانات لا تحصٰے ہیں انسان کا کیا منہ جو شکر ایسے کریم کا ادا کر سکے اور اس ضعیف کی کیا بنیاد جو حق بندگی جیسا چاہئے ویسا پورا کر سکے۔ مصنوع سے صانع کے اوصاف محض لاف سراپا گزاف۔ مخلوق سے حمد خالق جل وعلا کس کی طاقت کس کا حوصلہ تعالیٰ شانہ کیسا مہرپرور کیسا مہربان ہے کہ اپنے بندوں پر ہر لحظہ احسان پر احسان ہے۔ گناہوں پر نظر نہیں کرم سے کام ہے کرم بھی وہ کرم جو خاص نہیں بلکہ عام ہے۔ نعت رسول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم وآل اطہار واصحاب ابرار رضی اللہ عنہم سے با کلام وزینت بیان کر کے مدعائے ضروری عرض ہے۔ خداوند تعالےٰ کے فضل وکرم پھر تائید اہل ہمم سے سال ۱۳۱۱ھ [illegible] مدرسہ عربی اسلامی مظاہر علوم سہارنپور بخیریت تمام انجام کو پہنچا الحمد للہ علی ذٰلک۔ افضال ایزدی سے تائید [illegible] مددگار ہوئیں۔ حضرات معاونین نے اس کی امداد میں بہت ہمتیں کیں حتی الوسع زر نقد وکتاب وخوراک پوشاک سے مدرسہ ہذا کی معاونت وطلبہ مسافرین کی خبرگیری فرمائی۔ حضرات عالی ہمت کی اس فیاضی کا شکریہ جو انہوں نے امداد مدرسہ ہذا میں فرمائی ہے جملہ خیرخواہان اسلام پر عموماً اور اہالیان مدرسہ پر خصوصاً واجب ہے جو بزرگان اسلام اس بارہ میں کمر ہمت باندھے ہوئے ہیں اور بقدر وسعت خواہ بعطائے چندہ جس پر مدرسہ کا بقا منحصر ہے امداد فرماتے ہیں۔ خواہ طلبہ کے خوراک و پوشاک میں اعانت فرماتے ہیں یا اُن کے راحت وآرام وتقرر جائے قیام اور مدارات و دلجوئی میں سعی فرماتے ہیں حق جل شانہ علاوہ نعمائے جزائے اخروی کے اُن کو قوت واستطاعت دینی ودنیوی کی یوماً فیوماً زیادہ عطا فرماوے۔ اور جن اہل ہمم کو ہنوز اس طرف توجہ نہیں ہوئی مقلب القلوب اُن کے قلوب کو وہمت کو اس طرف [illegible] کو اُن کی چشم بصیرت سے اٹھائے اُن حضرات کو چاہئے کہ احکام حضرت نبی صلعم وصحابہ رضوان اللہ علیہم [illegible] میں جلدی فرماویں کہ دنیا دار گزران ہے وفا دار البقاہی کو ہے۔

امابعد یہ کیفیت سالانہ مدرسہ بابت ۱۳۱۱ھ بنابر اطلاع دہی ہر خاص وعام وترغیب دیگر خیرخواہان اسلام ہدیۂ ناظرین کی جاتی ہے۔

پہلے ذکر کرنے حالات مدرسہ کے ذکر انتقال مولوی ڈپٹی نجف علی صاحب مرحوم ممبر مدرسہ ہذا و جامع مسجد سہارنپور کا ضروری ہے مولوی صاحب موصوف سے مدرسہ کو بہت کچھ امداد اور معاونت پہنچتی تھی یعنے ہر وقت و ہر لحظہ حالات مدرسہ کے نگران و جویاں رہتے تھے اور مدرسہ کے تہ دل سے خیر خواہ و خبر گیراں تھے۔ بعد انتقال حضرت مولانا مولوی محمد مظہر صاحب مدرس اول و مولوی فیض الحسن صاحب ممبر مدرسہ ہذا کے نگرانی جملہ کاروبار انتظامی و خبر گیری مدرسہ کے ڈپٹی صاحب ممدوح نے گویا اپنے ہی ذمہ لے رکھی تھی جو کچھ عزل و نصب بابت انتظام مدرسہ ہوتا تھا بدون صلاح و صوابدید ڈپٹی صاحب موصوف کے نہ ہوتا تھا علاوہ اس کے فراہمی چندہ میں بھی از حد ساعی و الدال علی الخیر کفاعلہ تھے۔ وقت ضرورت کے زائد امداد معمولی سے معاونت طلبہ میں دریغ نہ فرماتے تھے۔ جمع کرنے کتب دین کا نہایت شوق تھا چنانچہ طلبہ مدرسہ کو کتب ڈپٹی صاحب سے بہت کچھ فائدہ ہوتا تھا اور ہوتا ہے تاریخ ۸ ا روز دوشنبہ ۸ بجے شب ذی الحجہ کو اس جہان فانی سے رحلت فرمائی إِنَّا لِلّٰهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ اللہ تعالٰے اُن کو اپنے فضل و کرم سے جنت الفردوس میں درجات عالیہ اور وابستگان کو صبر و نعم البدل عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین ؛

سرپرستی حضرت مولانا مولوی رشید احمد صاحب دام فیوضہ و دیگر امور انتظامیہ

بعد انتقال ڈپٹی صاحب مرحوم کے اہل شورے کی رائے اس بات پر مستحکم ہوئی کہ پہلے بوجہ خبر گیری ڈپٹی صاحب مغفور کے کچھ زیادہ ضرورت سرپرستی کی نہ تھی اور ممبر زیادہ تر مصروف اس کارخانہ صدقہ جاریہ کے نہ تھے اب کہ ڈپٹی صاحب مرحوم راہی ملک بقا ہوئے دوسرے کا قائم مقام کرنا امر ضروری ہے۔ اور اس مدرسہ کو کسی صاحب عالم باعمل و فاضل بے بدل مقتدائے عالمیان و پیشوائے سالکان کی اشد ضرورت ہے لہذا واسطے سرپرستی مدرسہ ہذا کے خدمت اقدس میں حضرت مولانا و مقتدانا جناب مولوی رشید احمد صاحب مدظلہ العالی التجا کی گئی۔ اور درخواست باتفاق رائے جملہ ممبران بھیجی گئی چنانچہ حضرت موصوف نے سرپرستی مدرسہ ہذا کی قبول فرما کر منظوری سے ممتاز فرمایا اللہ تعالٰے سرپرستی حضرت ممدوح کی مدرسہ و اہل شورے و جملہ اہل شہر کو مبارک فرماوے آمین ثم آمین۔ بآلہ الامجاد بحرمۃ النون و الصاد۔

آیندہ سے بابت عزل و نصب ملازمین و اہل شورے و جملہ حالات مدرسہ کے ارشاد جناب ممدوح کا ہوگا وہ قطعی اور قابل العمل ہوگا اور ممبران موجودہ شہر حسب اتفاقات وقت کے اپنی رائے تجویز کر کے بصورت اختلاف رائے ممبران واسطے منظوری و اجازت کے و بصورت اتفاق رائے محض اطلاعاً خدمت میں حضرت مولانا صاحب ممدوح کے بھیجا کرینگے۔

اور یہ بھی قرار پایا کہ حافظ محمد حسین صاحب فرزند ارجمند جناب ڈپٹی صاحب مرحوم جو مرد صالح اور سعید ہیں اور مکان پر قیام کرینگے بجائے اپنے والد مرحوم کے ممبر قائم ہوں۔

اور نسبت سرانجام امور روزانہ مدرسہ کے یہ انتظام ہوا کہ خواجہ احمد حسن صاحب رئیس سہارنپور و ممبر مدرسہ منتظم قرار دیے جاویں

منتظم صاحب نوشت خواند طلبہ و مدرسین و دیگر کاروبار روزانہ مدرسہ کے حسب فرد قواعد متعلقہ منتظم صاحب کی نگرانی و خبرگیری فرمایا کریں گے۔

اور بخدمت جناب مولانا مولوی ذوالفقار علی صاحب ممبر مدرسہ ہذا کے عرض کیا گیا کہ جب مولانا صاحب ممدوح واسطے شرکت جلسہ کمیٹی سرکاری کے تشریف لایا کریں مدرسہ میں قیام فرما کر کیفیت درس و تدریس و نیز کیفیات جلسہ کمیٹی مدرسہ ہذا کو ملاحظہ فرمایا کریں اور اپنی رائے تحریری سے مشرف فرمایا کریں۔ چنانچہ مولوی صاحب موصوف نے اس عرض کو قبول کیا۔ اللہ تعالے مولانا صاحب کی ہمت کو دوبالا اور اجر اخروی روز افزوں عطا کرے۔

تفصیل قواعد انتظامیہ مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور جو متعلق منتظم صاحب کے جلسہ ۲۔ ربیع الاول ۱۳۱۴ھ میں تجویز ہوئے

(دفعہ ۱) جو قواعد مندرجہ کیفیت سالانہ مدرسہ عربیہ مظاہر علوم ہیں اُن کی تعمیل پوری کی جاوے۔

(۲) منتظم صاحب کم از کم ایک دفعہ ہفتہ میں نگرانی درس و تدریس مدرسین و طلبہ و نیز حالت کتب خانہ و اسباب مدرسہ و شکست ریخت مکانات مدرسہ کیا کریں۔ اور اُسکے متعلق جو اصلاح مناسب ہو اُس کی ہدایت درج کتاب معائنہ فرمایا کریں۔ اور اگر دربارۂ اصلاح کوئی امر اہم پیش آئے تو اُس کی درستگی بمشورۂ اہل شوریٰ و ارکان مدرسہ ہونی چاہیئے۔

(۳) چونکہ معاملات جزئیہ کا تعین ہونا مشکل ہے لہٰذا جس قدر معاملات جزئیہ متعلق طلبہ یا مدرسین یا مدرسہ کے پیش آویں کل کا تصفیہ متعلق منتظم صاحب کے ہونا چاہئے اور حسب دستور قدیم مہتمم صاحب مدرسہ کا مفوضہ اپنا انجام دیتے رہیں۔

(۴) دفعہ (۷) آئین رخصت وغیرہ میں منظوری رخصت متعلق مہتمم مدرسہ تحریر ہے اس دفعہ میں یہ تشریح کی جاتی ہے کہ رخصت ایک ہفتہ یا زائد از ایک ہفتہ کی منظوری باختیار منتظم صاحب مدرسہ ہوگی اور کم از کم ہفتہ کی منظوری رخصت باختیار مہتمم مدرسہ کے ہوگی لیکن اطلاع اُسکی بھی خواہ بعد [illegible] رخصت کے منتظم صاحب کو کرنی چاہئے اور آئین رخصت وغیرہ میں یہ دفعہ ترمیم کی گئی۔

(۵) نسبت تعین تدریس مدرسان حسب طریقہ عمل مدرسہ دیوبند و نیز تحریر مورخہ ۵۔ شوال ۱۳۱۱ھ [illegible] مدرسہ ہذا کے عمل درآمد ہونا چاہئے۔ یعنے شروع سال میں بتصفیہ باہمی مدرسین باصلاح مہتمم مدرسہ [illegible] کی جایا کریں۔ مگر تعین کے وقت یہ امر ضرور ملحوظ خاطر رہنا چاہئے کہ تعین کتب حسب مدارج کی جا[illegible]

اس امر کا بھی خیال رکھنا چاہئے کہ جو کتب سال گذشتہ میں ایک مدرس پڑھا چکے ہوں حتے الامکان وہ کتابیں ان کو نہ پڑھاویں ۔ فقط

العبد قاضی فضل الرحمن ۔ العبد محمد ابو سعید ۔ العبد تونگر علی عفی عنہ ۔ العبد محمد حسین حنفی ۔ العبد سید جمعیت علی عفی عنہ ۔ العبد محمد مشتاق احمد ۔ العبد احمد یونس عفی عنہ

گزارش

پوشیدہ نہ رہے کہ دیکھنے حال آمدنی و خرچ چندہ دوامی سے ایسا معلوم ہوتا تھا کہ امسال آمدنی چندہ دوامی جس پر دار و مدار خیر جاری کا ہے باوجودیکہ مولوی سید احمد صاحب مشاہرہ دار ۵؎ کی جگہہ ۹ ماہ تک بوجوہ خاص کے خالی رہی ہے خرچ کو کافی نہوگی و نیز مولوی حبیب الرحمن صاحب مدرس اول مدرسہ ہذا اس امر کے خواہاں ہوئے کہ اگر اجازت جانے دہرہ دون وغیرہ کی ہو جاوے تو ان شاء اللہ تعالے یہ کمی چندہ رفع ہو سکتی ہے لہذا بلحاظ ضرورت مدرسہ انکو اجازت دیگئی چنانچہ دہرہ دون منصوری وغیرہ سے بذریعہ مولوی صاحب موصوف کے مبلغ ۵؎ جو تفصیل وار آیندہ درج ہے صاحبان خیر نے بہمت چندہ عطا فرمایا ۔ اور بعض صاحبان نے چندہ سالانہ کا بھی وعدہ فرمایا جزاہم اللہ تعالی خیر الجزاء سو بعد داخل ہونے رقم وصول شدہ دہرہ دون وغیرہ کے آمدنی چندہ دوامی کی خرچ کو کافی ہوئی ورنہ خرچ سے کم رہتی ۔ اور ایسی ہی آمدنی چندہ خوراکی پوشاکی و آمدنی چندہ امداد طلبہ بھی کم تھی اگر آمدنی جلسہ انعامی ۱۳۱۲ھ کی درج اس آمدنی کے نہوتی خرچ کو کافی نہوتی ۔

البتہ آمدنی چندہ خرید کتب و تعمیر سال حال میں خرچ سے زائد وصول ہوئی جسکی وجہ یہ ہے کہ مبلغ دو سو روپیہ نقد حافظ نور احمد صاحبان وارثان حاجی رحیم بخش صاحب مرحوم رئیس محلہ شیخ صاحبان نے واسطے ایصال ثواب حاجی صاحب مرحوم عنایت فرمائے اور ۵؎ منجملہ قیمت اسباب عطیہ حاجی مولابخش صاحب بساطی کے ہیں جو سال سابق میں حاجی صاحب واسطے خرید کتب و تعمیر کے مدرسہ میں دیا تھا اور خود متکفل بیع کے ہوئے تھے اور اس مد میں کچھ وصول ہونے سے باقی تھا اور اس سال میں بھی حاجی محمد سرفراز خاں صاحب حکیم ظفریاب خاں صاحب مرحوم رئیس محلہ جاٹوان نے جو للعہ سال چندہ دوامی عنایت فرماتے تھے بجائے چندہ مذکورہ کے دو قطعہ زمین تعدادی ۱۲ بیگہ پختہ واقع دہ شتو پوری سواد سہارنپور معہ ... صاحب جسکی اب آمدنی بعد توزیع سرکاری کے قریب ۵؎ روپیہ سالانہ کے ہے بنام مدرسہ وقف کرکے اجازت ... کی وقت ضرورت کے دیدی ہے اور دستاویز باضابطہ رجسٹری کرادی ۔ اللہ تعالے اس ہمت کا نعم البدل دو جہان میں ... صاحب کو خصوصاً اور جملہ صاحبوں کو عموماً عطا فرماوے ۔ آمین ۔

... ہر کہ اس خیر جاری کا مدار فقط ہمارے ان بھائیوں کی توجہ پر ہے جو طلبہ کی خوراک پوشاک وغیرہ وغیرہ اخراجات کو اپنے اخراجات کا ایک چھوٹا سا جزء اور اس امداد کو اپنے اعمال حسنہ کا ایک بڑا حصہ سمجھتے ہیں اور ہمیشہ طرح طرح کے وسائل سے

لساناً قلباً قدماً قلماً درہماً معاونت کرتے ہیں۔ صاحب نصاب مذکورہ میں مدرسہ کی امداد اپنا فرض جانتے ہیں۔ اہل تقاریب نکاح وختنہ وعقیقہ وغیرہ وغیرہ میں اعانت مدرسہ کو سرمایۂ انبساط سمجھتے ہیں۔ ہر وقت کھانے پینے میں طلبہ کی خوراک پیش نظر رکھتے ہیں۔ جب موسم گرما وسرما کے کپڑے بناتے ہیں طلبہ کی پوشش کا بھی خیال رہتا ہے۔ اگر سالانہ جلسہ میں تشریف لاتے ہیں امداد یکمشت سے اعانت فرماتے ہیں۔ اسیطرح یہ باغ آپ صاحبوں کی توجہ سے ۱۳ سال کی عمر کو پہنچا اور جسطرح بچہ کو یوماً فیوماً جتنا نشوونما پاتا ہے حاجت غذا کی روزمرہ زیادہ ہوتی ہے اور مرضعہ اپنے دودھ بڑھانے کا فکر کرتی ہے۔ اسی طرح ہم خادمان مدرسہ کو اس وقت کہ تعداد ان طلبہ کی جن کی خوراک وپوشاک وغیرہ کی ضرورت ہے زیادہ ہوتی جاتی ہے۔ آرزو ہے کہ خرچ روزمرہ کی فکر میں اور صاحب بھی مثل اہل ہمم مذکورہ بالا کے توجہات خاص مبذول فرمائیں کیونکہ کارخانہ ان مدارس دینیہ کا صرف توکل ہی پر جاری ہے۔ کوئی آمدنی معیّنہ نہیں ہے واللہ الموفق وہو المیسّر وعلیہ التکلان ؎

نقشہ نمبر (۱)

اس میں اُن حضرات معاونین مدرسہ کے نام درج ہیں جو اس جہان فانی سے ملک بقا کو تشریف لیگئے اور بعض کسی جانشین نے اس صدقہ جاریہ کا بار نہ اُٹھایا۔ یا اُن صاحبوں کے نام نامی ہیں جن کی سہل انکاری اور وعدہ ہائے امروز فردا نے بالآخر ہمکو کارروائی دفعہ ۵ ضابطہ وصول چندہ مندرجہ کیفیت ہذا پر مجبور کیا یعنے جو صاحب برابر تین سال تک چندہ سے دستکش رہیں یا بوجہ اتفاقات زمانہ امید وصول منقطع ہو تو اُن کا نام نامی فہرست چندہ سے خارج کیا جاوے گا

نمبر شمار	اسما	زر موعودہ سالانہ: بقایا	زر موعودہ سالانہ: حال	زر موعودہ سالانہ: کل	وصول	باقی	کیفیت
۱	منشی محمد امام الدین صاحب تحصیلدار رئیس رائےپور ضلع مظفر نگر	[illegible]	[illegible]	[illegible]	۰	[illegible]	انتقال ہوا [illegible] اور وارث [illegible]
۲	ایزد بخش صاحب پسر محمد بخش صاحب رئیس موضع وانکری علاقہ تھانیسر تحصیل پیپلی ضلع انبالہ	[illegible]	[illegible]	[illegible]	۰	[illegible]	خطوط کا جواب باوجود ارسال ہونے بیرنگ کے کئی دفعہ بالکل نہیں آیا۔
۳	چودھری وزیر محمد خاں صاحب ومنشی عبدالرحیم خانصاحب رئیسان رائےپور نوشہرہ ضلع سہارنپور	[illegible]	[illegible]	[illegible]	۰	[illegible]	ایضاً

۴	حافظ محمد حسین صاحب نائب تحصیلدار فرزند ارجمند جناب ڈپٹی نجف علی خاں صاحب مرحوم رئیس سہارنپور و ممبر مدرسہ		سے ر	سے ر	۰	سے ر	بوجہ انتقال جناب ڈپٹی صاحب و استغفار خود چندہ ڈپٹی صاحب مرحوم کا برقرار رکھا اور اپنا چندہ سے عذر کیا
۵	عبد القادر و عظیم الدین صاحبان ساکنان موضع و پچھری ضلع سہارنپور	صہ سے	صہ صہ	سے صہ	۰	سے صہ	عبد القادر صاحب کا انتقال ہوا اور جواب خطوط عنایت نہیں کیا ہوا اور بیرنگ خط واپس آیا
۶	شیخ عبد الغفور صاحب رئیس ہاپوڑ سب اور سیر بالو گڈھ	للعہ ر	سے ر	محہ ر	۰	محہ	انکار کیا بوجہ دینے چندہ کے مدرسہ ہاپوڑ میں
۷	ننھا پسر نور و ساکن موضع روہالکی پرگنہ بھٹ ضلع سہارنپور	عہ ۱۲	سے ر	للعہ ۱۲	۰	للعہ ر	انتقال ہوا غفر اللہ لہٗ
۸	الٰہی بخش صاحب پسر ایضاً	عہ ۱۲	سے ر	للعہ ۱۲	۰	للعہ ۱۲	ایضاً
۹	سید عزیز الدین صاحب کنسٹبل ساکن محلہ بازواراں	۰	عہ ر	عہ ر	۰	عہ ر	بوجہ پنشن کے عذر ہے
۱۰	محمد صابر صاحب ساکن موضع وہکوڑہ ضلع سہارنپور	سے ر	عہ ر	للعہ ر	۰	للعہ ر	مدرسہ رائے پور میں دینا اختیار کیا اسلئے اسجگہہ عذر کیا
۱۱	حاجی کریم بخش صاحب ساکن موضع خورد ضلع سہارنپور	عہ ر	عہ ر	عگ ر	۰	عگ ر	انتقال ہوا غفر اللہ ولنا اور ورثہ صغیر سن چھوٹے
۱۲	مرزا عبد اللہ بیگ صاحب ساکن موضع وہلاپڑہ ضلع سہارنپور	للعہ ر	عہ ر	صہ ر	۰	صہ ر	انتقال ہوا غفر اللہ ولنا اور وارث کفیل نہیں ہوئے
۱۳	عبد اللہ صاحب ساکن مغل مزرعہ ضلع سہارنپور	سے ر	عہ ر	للعہ ر	۰	للعہ ر	جواب خطوط و تقاضا بالکل نہیں دیا
۱۴	چودہری امیر الدین صاحب ساکن موضع وہکوڑہ ضلع سہارنپور	للعہ ر	عہ ر	صہ ر	۰	عہ ر	بشرح نمبر ۱
۱۵	سید اشتیاق احمد صاحب سہارنپوری	عگ	عہ ر	سے ر	۰	سے ر	بوجہ زیادتی خرچ کے عذر کرتے ہیں
	میزان	مایسے	صہ صہ	مالعہ	۰	مالعہ	

تقرر مدرسین و دیگر ملازمین مدرسہ

سال گذشتہ میں تحریر ہو چکا ہے کہ مولوی سید احمد صاحب نے بوجہ قاضی ہو جانے اپنے شہر کے استعفا بھیج دیا تھا اور پھر بوجہ آنے درخواست مولوی سرور شاہ صاحب کے جو سابق میں مدرس رہے تھے چند ماہ تک انتظاری رہی جب مولوی صاحب باوجود وعدہ ہائے متعدد کے (نہیں معلوم کیا امر پیش آیا) تشریف نہ لائے تو دوسرے مدرس کی تلاش ہوئی سو مولوی محمد احکم صاحب متوطن قصبہ انبہٹہ جنہوں نے اس مدرسہ و مدرسہ دیوبند میں تعلیم پائی بمشاہرہ عہ علاوہ خوراک کے مقرر ہو کر ماہ شوال سنہ ۱۳۱۳ ہجری میں اپنے کار پر تشریف لائے اور کار مفوضہ کو انجام دے رہے ہیں۔ اور ایام تشریف لیجانے حافظ قمر الدین صاحب مدرس قرآن مجید و امام جامع مسجد کے بیت اللہ شریف کو حافظ شریف احمد صاحب پسر حافظ صاحب کے واسطے تعلیم طلبہ کے عیوضی مقرر ہوئے اور مولوی محمد اسمٰعیل صاحب مدرس فارسی مدرسہ ہذا واسطے انتظام جماعت جامع مسجد کے امام مقرر ہوئے اور تنخواہ بدستور جاری رہی۔ اور آخر ماہ رجب میں عبد الواحد خاں صاحب محافظ کتب خانہ نے بعارضہ بخار و شہر انتقال کیا انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرد صالح اور عمر رسیدہ تھے اللہ تعالےٰ مغفرت کرے۔ آمین۔ انکی جگہہ مولوی علی محمد صاحب ولد فیض محمد صاحب مرحوم برادر حاجی عبد الغفور صاحب ساکن سہارنپور بمشاہرہ چھے روپیہ یکم رمضان سے مقرر ہوئے۔ امام بخش محافظ ایام جمعہ مکان مدرسہ کا بھی اسی سال میں انتقال ہوا۔ بالفعل اس کی جگہہ بوجہ نہ ملنے آدم قابل کے کوئی مقرر نہیں ہوا۔ چونکہ فراش مدرسہ علاوہ صفائی مدرسہ کے کام مؤذنی مسجد کا بھی کرتا ہے اور اسکو سوائے خوراک و ایک روپیہ نقد کے اور آمدنی نہ تھی۔ لہذا اس کی مزید کارگذاری پر ایک روپیہ زائد کیا گیا ؞

نقشہ نمبر (۲) مظہر تعداد مدرسان و ملازمان مدرسہ اسلامیہ عربیہ مظاہر علوم سہارنپور بابتہ سنہ ۱۳۱۳ھ

نمبر شمار	نام عہدہ دار	نام عہدہ	تنخواہ ماہوار	تنخواہ سالانہ	کیفیت
۱	مولوی حبیب الرحمن صاحب	مدرس اول	سے	ساسے	
۲	مولوی عنایت الٰہی صاحب	مدرس عربی و مہتمم مدرسہ	عسے	مااسے	
۳	مولوی ثابت علی صاحب	مدرس عربی	صے	مالسے	
۴	مولوی محمد احکم صاحب ساکن قصبہ انبہٹہ	"	ے	ساعیسے	یہ تنخواہ دو ماہ ۹ یوم کی ہے کیونکہ مولوی صاحب ۲۲ شوال کو تشریف لائے۔

نمبر	نام	عہدہ	ماہوار	سالانہ	کیفیت
۵	مولوی محمد اسمٰعیل صاحب	مدرس فارسی	[illegible]	[illegible]	
۶	حافظ قمر الدین صاحب مع مولوی محمد اسمٰعیل و محمد شریف صاحبان عوضیان	مدرس قرآن مجید و امام جامع مسجد	[illegible]	[illegible]	حافظ صاحب کو جامع مسجد سہارنپور سے تنخواہ ملتی ہے یہ رقم درج حساب مدرسہ نہیں ہوتی صرف دکھلائی جاتی ہے اور وقت جانے حج کے صاحبان عوضیان قائم مقام رہے۔
۷	عبدالواحد خاں صاحب مرحوم	محافظ کتب خانہ و نائب مہتمم سابق	[illegible]	[illegible] ۱۴/	خاں صاحب کا انتقال ۲۶۔ رجب کو ہوا۔ لہذا چھ ماہ ۲۵ یوم کی یہ تنخواہ ہے۔
۸	علی محمد	محافظ کتب خانہ و نائب مہتمم حال	[illegible]	[illegible]	یکم رمضان سے مقرر ہوئے۔
۹	علی حسین	مؤذن مسجد و فراش مدرسہ	[illegible]	[illegible]	۱۱ ماہ ۴ یوم بحساب ایک روپیہ ماہوار اور ۲۶ یوم بحساب دو روپیہ ماہوار
۱۰	خاکروب	یک وقت صفائی	۳ روپے/	[illegible]	۱۰ ماہ بحساب ۳/ باقی بحساب [illegible]/ ماہوار
۱۱	امام بخش	محافظ مدرسہ ایام جمعہ	/۱۲	/۹	بعد ۹ ماہ کے انتقال ہوا اور بجائے اس کے کوئی شخص مقرر نہیں ہوا۔
	میزان		[illegible]	۱۱۳۶ [illegible] ۱۲/	[illegible] از جامع مسجد ۔ ۹۹۳ [illegible] ۱۲/ از مدرسہ

آمدنی متفرق تقریبات مبارک شادی نکاح وخطبہ وختنہ وغیرہ

امسال اس مد مبارک سے صرف [illegible] ۱۲/ حسب تفصیل نقشہ نمبر (۳) آئی اور سال گذشتہ میں [illegible] آئی تھی اور سنین سابقہ میں اس سے زائد۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ بڑے معاون اس مد کے حافظ ابو سعید صاحب اور ان کی برادری یعنی حضرات شیوخ سہارنپور ہیں۔ اور دو سال سے تقریبیں ان حضرات کی کم ہوئی ہیں۔ سہارنپور کے بساطی صاحب بھی ہر تقریب میں عنایت کرتے ہیں اور یہ ہم کئی مرتبہ عرض کر چکے ہیں کہ اس مد میں بمصداق من سن سنۃ الخ ہمارے شہر کے تجار ہیں جیسے برادری شیخ صاحبان ہیں جناب حافظ ابو سعید صاحب ممبر مدرسہ وجامع مسجد ہیں۔

نقشہ نمبر (۳۲) حاوی آمدنی شکریہ شادی نکاح وتولد فرزند وغیرہ بابت ۱۳۱۳ھ

نمبر شمار	نام ماہ	اسماء عطا کنندگان	تعداد	کیفیت
۱	رجب المرجب	منشی محمود علی صاحب رئیس شاہ ولایت منصف پنجاب	لعہ	بتقریب نکاح برادر خود
۲	"	جناب قاضی حافظ ابوسعید صاحب رئیس سہارنپور	عہ/۱	بتقریب عقیقہ دختر فرزند
۳	شعبان	منشی حمید حسن صاحب رئیس محلہ شاہ ولایت	عہ	بتقریب نکاح پسر خود
۴	شوال	حکیم مجید حسن صاحب رئیس محلہ شاہ ولایت	ہر	ایضاً
۵	ذیقعدہ	داروغہ محمد مقصود صاحب فرزند حافظ محمد ابراہیم صاحب مرحوم رئیس شاہ ولایت	صہ/ر	بتقریب نکاح خود
۶	ذیقعدہ	محمد اسمعیل صاحب پسر حاجی کریم بخش صاحب بساطی ساکن دہرہ دون	عہ	ایضاً
۷	ذی الحجہ	شیخ نور احمد صاحب خلف شیخ جمال الدین صاحب رئیس گنگوہ	صہ/ر	بتقریب نکاح پسر خود
۸	"	قاضی محبوب الرحمن صاحب رئیس محلہ قاضی	ہر	بتقریب عقیقہ نواسہ خود
۹	"	پیر محمد صاحب ساکن محلہ بنجارہ معرفت چودہری پیر محمد	۴ر	بتقریب ختنہ
۱۰	"	الٰہی بخش صاحب "	۴ر	"
۱۱	"	عبدالرحمن صاحب "	۴ر	"
۱۲	"	اللہ بندہ صاحب "	۴ر	"
۱۳	"	حاجی کریم بخش صاحب "	۴ر	بتقریب نکاح نواسہ خود
۱۴	"	شادی صاحب "	۴ر	" پسر خود
۱۵	"	الٰہی بخش صاحب "	۴ر	"
۱۶	"	احمد صاحب "	۴ر	"
۱۷	"	مولا بخش صاحب "	۴ر	"
۱۸	"	مشتاق احمد صاحب ساکن محلہ بنجارہ "	۴ر	بتقریب نکاح برادر خود
۱۹	"	مولا بخش صاحب "	۴ر	بتقریب منگنی پسر
۲۰	"	حبیب احمد صاحب "	۴ر	"
۲۱	"	ننھو عرف عبدل "	۴ر	"
۲۲	"	الٰہی بخش صاحب "	۴ر	"
میزان کل			للعہ	

فراہمی آرد

اس متفرق نے ابتدا میں بڑی سرگرمی سے امداد مدرسہ فرمائی۔ مگر بعد میں بوجہ گرانی و سہل انکاری ایسی کمی ہوئی کہ گویا آٹے میں نمک بھی نرہا۔ دیکھو صرف ابتدائی دو ماہ ذی قعدہ و ذی الحجہ ۱۳۰۰ھ میں [illegible] کی آمدنی ہوئی تھی امسال اس مد میں [illegible] بتوجہ حکیم محمد اسحق صاحب رئیس محلہ شاہ ولایت و بعض دیگر صاحبان وصول ہوئے جزاہم اللہ جزاء وافرا ۔

اطلاع عام

حسب منشاء دفعہ ۱۔ آئین طلبہ مدرسہ ہذا قاعدہ مقرر کیا گیا ہے کہ کوئی طالب علم بیرون شہر جبتک کافیہ یا منیہ یا مرقات اور املا اور انشا میں امتحان دیکر کامیاب نہو داخل مدرسہ نکیا جاوے گا چنانچہ یہ مضمون ہر کیفیت سالانہ میں شائع کیا جاتا ہے پھر بھی طلبہ بیرون شہر ابتدائی کتابیں جنکو اپنے وطن یا قرب وجوار میں پڑھ سکتے ہیں پڑھتے ہوئے آتے ہیں اور ظاہر ہوتے ہیں کہ ہم کافیہ شرح جامی وغیرہ پڑھتے ہیں اور وقت امتحان کے محض بیکار نکلتے ہیں اور داخل ہونے سے محروم رہتے ہیں اس وقت انکی مایوسی پر افسوس ہوتا ہے۔ لہذا اطلاع عام دیجاتی ہے کہ کوئی طالب علم بغیر پابندی قاعدہ مذکور بارادہ مدرسہ ترک وطن نہ کرے ۔

اشتہار

معتبر وسائل سے دریافت ہوا ہے کہ بعض واعظ اور سائل جنکو مدرسہ سے کچھ تعلق نہیں ہے قصبات و دیہات میں مدرسہ سے تعلق ظاہر کرکے چندہ بنام مدرسہ وصول کرتے ہیں اور داخل مدرسہ نہیں کرتے۔ لہذا اشتہار دیا جاتا ہے کہ کوئی شخص اس کام کے واسطے مقرر نہیں ہے جو صاحب کسی واعظ وغیرہ کی ترغیب سے روپیہ وغیرہ دینا چاہیں وہ براہ راست مدرسہ میں بھیجدیں رسید مہری مدرسہ انکی خدمت میں بھیجی جاویگی اگر رسید مہری نہ پہنچے تو یقین کرلیں کہ روپیہ وغیرہ مدرسہ میں نہیں پہنچا اور جمیع **اہل اسلام** کو واضح ہو کہ جو چندہ بروز جمعہ متفرق مد سے قلیل وکثیر اہل خیر کے غالب جامع مسجد میں جمع ہوکر یا بوسیلہ واعظ کے ہمیشہ مدرسہ میں آتا تھا اب وہ چندہ بوجہ حاجی صاحب کے عرصہ سے مدرسہ میں پہنچنے سے قطعًا بند ہے۔ لہذا ضرورتاً ہر کسی کو آگاہ حال کردیا جاتا ہے کہ جو صاحب علم بغرض اشاعت علم دین مبین و حصول ثواب اس مدرسہ **مظاہر علوم** میں دینا و پہنچانا چاہیں تو ضرور ہے کہ مجلس وعظ یا علیحدہ مولوی ابو الحسن صاحب مہتمم جامع مسجد یا جو انکی حافظ قمر الدین صاحب امام مسجد مذکور کے عنایت فرمایا کریں تب بجنسہ ان شاء اللہ تعالی داخل مدرسہ ہوکر اپنے موقع خیر میں خرچ ہوگا

وما علینا الا البلاغ

دستور العمل مدرسہ

آئین اہتمام

دفعہ ۱- ارکان مدرسہ وارباب شوریٰ کو اختیار ہوگا کہ وقتاً فوقتاً کسی دفعہ یا دفعات آئین مدرسہ کو کلاً یا جزئً ترمیم یا تبدیل فرمائیں۔

دفعہ ۲- ہر شریک چندہ ممبر مدرسہ تجویز کیا گیا ہے۔

دفعہ ۳- اہل شوریٰ سے مراد ارکان مدرسہ لیے جاوینگے۔

دفعہ ۴- جلسہ خاص یا عام میں کثرت رائے معتبر ہوگی اور ناطق سمجھی جاویگی اور سرپرست صاحب کی رائے سب پر مقدم سمجھی جائیگی

دفعہ ۵- اگر کوئی ملازم مدرسہ خلاف ورزی آئین و دستور العمل کریگا وہ لایق بازخواست متصور ہو کر مستحق تدارک سمجھا جاویگا۔

دفعہ ۶- تمام دفعات مندرجہ روداد ہذا سنہ ۱۳۲۱ھ سے نافذ و واجب التعمیل ہیں۔

دفعہ ۷- عزل و نصب ملازمان مدرسہ کا ہر وقت ارکان مدرسہ کو اختیار ہوگا۔

دفعہ ۸- ملازمان مدرسہ کو رازداری امور مدرسہ جب تک منجانب مدرسہ ان کا اظہار نہو لازم ہے اور نیز ان کو لازم ہے کہ مخالفین مدرسہ سے راہ و رسم نہ رکھیں۔

دفعہ ۹ تنخواہ ماہ رمضان المبارک کہ اسکا وجوب بروقت حاضری و مصروفیت کار تواریخ ابتداے ماہ شوال میں متصور ہے اس کی بابت پیشگی دینا بدون حالات خاص کے مثلاً خواستگار اس کی اطمینان دیویں ویا کہ بلحاظ وجوہ خواستگاری مستدعی کے ارباب شوریٰ اسپر اتفاق کریں نہیں ہو سکتا۔

آئین چندہ

دفعہ ۱- چندہ کی کوئی مقدار مقرر نہیں اور نہ مقید بمذہب و ملت ہے۔ چندہ تین قسم کا ہے۔

(۱) چندہ امدادی اسکی دو قسم ہیں ایک دوامی دوسرا عطا یکمشت۔

(۲) چندہ خاص انعامی جو واسطے انعام طلبہ کے دیا جاوے اور بوقت امتحان انعام طلبہ میں صرف کیا جاوے الا بضرورت شدید بتجویز اہل شوریٰ جائز ہے کہ بصورت کمی اس چندہ کے تکمیل صرف ضروری کی مد چندہ امدادی سے کر لیجائے اور اسیطرح بالعکس اسکی بھی ہو سکتا ہے۔

(۳) چندہ خوراکی جو خوراک و پوشاک وغیرہ طلبہ میں صرف کیا جاوے اس قسم میں وجہ نذر و فدیہ و زکوۃ وغیرہ کا صرف ہو سکتا ہے۔

دفعہ ۲ ایک قسم کا چندہ دوسری قسم میں سوائے استعمال نمبر ۲ مشرحہ بالا کے شامل نہ کیا جاوے گا۔

دفعہ ۳- ہر شریک چندہ ایک سال کا پیشگی عنایت فرماویں۔

دفعہ ۴- رسید چندہ پیڈ بھیجی جاوے گی اور جو زر موعودہ وقت پر نہ پہنچیگا اول خطوط طلب پیڈ یا پوسٹ کارڈ بھیجے جاوینگے

درصورت نہ حاصل ہونے جواب کے تا حصول جواب بیرنگ ارسال کیے جاویں گے۔

دفعہ ۵۔ جن صاحب سے زرچندہ تین سال تک وصول نہو گا یا بوجہ انتقال اہل چندہ اور نہ کفیل ہونے اس کے وارث کے یا اور کسی سبب سے بعد انتظاری مناسب کے نام خارج کیا جاویگا اور بذریعہ کیفیت سالانہ کے اطلاع دیجاویگی مگر وعدہ کیا جاوے کہ عنقریب ادا کیا جاویگا۔

دفعہ ۶۔ جو صاحب بعد اخراج نام پھر از سر نو عام اس سے کہ بقایا سابق ادا کریں یا نہ کریں اور بہ تعین رقم جدید اندراج نام چاہیں شریک ہو سکتے ہیں۔

آئین مدرسین

دفعہ ۱۔ جو قواعد نسبت تعلیم و تہذیب یا دیگر اغراض انتظام مدرسہ سے وقتاً فوقتاً ارباب شوریٰ تجویز فرماویں تعمیل انکی ہر مدرسین واجب ہوگی اور فرائض منصبی مدرسین سے سمجھی جاویگی۔

دفعہ ۲۔ کوئی تنخواہ مدرسین دوام کے واسطے نہیں ہے بلکہ یہ امر آمدنی چندہ اور حسن سعی مدرسین پر موقوف ہے۔

دفعہ ۳۔ کثرت طلبہ و حسن تعلیم و درستی اخلاق طلبہ سے نتیجہ نیک کارگزاری مدرسین کا سمجھا جائے گا

دفعہ ۴۔ خواندگی معلوم معینہ مدرسہ کی اشاعت کا ملحوظ رکھنا ذمہ مدرسین ضروری ہے اور نتیجہ اسکا خواندگی سالانہ سے واضح ہوتا رہیگا

دفعہ ۵۔ وقت تعلیم موسم سرما میں سوا سات بجے سے گیارہ بجے تک پھر ڈیڑھ بجے سے نماز عصر تک موسم گرما میں ساڑھے پانچ بجے سے دس بجے تک پھر دو بجے سے نماز عصر تک۔

دفعہ ۶۔ کوئی کتاب بلا استصواب مدرس اول یا بغیر مشاورت باہمی یا مہتمم شروع نہ کرائی جاوے۔

دفعہ ۷۔ ایک کتاب دو جگہ مطلقاً نہ پڑھائی جاوے سوائے ہدایہ اور شرح ملا کے۔

دفعہ ۸۔ مدرسین کو واجب اور لازم ہوگا جو طالب العلم جس جماعت میں داخل ہو اگر استعداد خواندگی جماعت کی نہ رکھتا ہو یا کم محنت یا مطالعہ نہ کرتا ہو اسکو نیچے کی جماعت میں اتار دیں اور ایک یادداشت خاص اس طالب العلم کی نسبت کتاب مجاینہ میں لکھی جایا کرے

دفعہ ۹۔ سلسلہ تعلیم مجوزہ منظور شدہ کی مدرسین کو پابندی کرنی چاہیے۔

دفعات ذیل جلسہ کمیٹی ۲۴ جمادی الاولیٰ ۱۳۰۹ھ میں متفق الرا ہو کر منظور ہوئیں

دفعہ ۱۔ جو طالب علم بلا مطالعہ سبق پڑھتا ہو یا پڑھے ہر مدرس بلا تامل اسکی نسبت ایک تحریر اطلاعی مہتمم کو دے اور مہتمم بہ پابندی اس کے خرچ متفرق ماہواری بند کر دے جبتک مدرس سفارش نہ کرے۔

دفعہ ۲۔ ہر مدرس حسب استعداد طالب العلم کتاب شروع کرادے یا شامل جماعت کرے باوجود اسکے پھر بھی استعداد خواندگی

نہ رکھتا ہو یا معلوم ہو کہ بغیر محنت اور بلا توجہ پڑھتا ہے تو فوراً بذریعہ تحریر مہتمم کو اطلاع دے مہتمم اسکو باستصواب رائے مدرسین دوسرے درجے میں جگہہ دیگا یا بعد اطلاع ممبران مدرسہ سے خارج کردیگا اور تا اختتام کارروائی دفعہ ہذا آمد مدرسہ باختیار خود بند کردیگا۔

دفعہ ۳۔ مہتمم کو اختیار دیا گیا ہے کہ تعمیل مضمون متعلقہ اپنے میں کل امداد مدرسہ بند کردے یا بعض جیسا مناسب وقت خیال کرے۔

دفعہ ۴۔ جب کوئی کتاب جماعت میں شروع ہو یا کوئی طالب العلم جماعت میں داخل ہو تو محافظ کتب خانہ کو ضرور ہوگا کہ پہلے ایک فہرست طلبہ کی مدرس سے لیلے پھر کتاب دے۔ مفہوم اسکا یہ ہوگا کہ مدرس صاحب نے جماعت میں وہ طلبہ لیے ہیں جو لائق درس کتاب مذکور کے ہیں۔

دفعہ ۵۔ تعمیل دفعات مندرجہ تجویز ہذا داخل فرائض منصبی مدرسین سمجھی گئی ہے در صورت درگذر یا تساہل کے خیال فرمادیں کہ ضرر مدرسہ بے محل اور خلاف ارادہ عطاکنندگان اور موجب بازخواست عنداللہ وعندالناس ہے۔

دفعہ ۶۔ مہتمم مدرسہ خود بھی نگرانی لیاقت طالب العلم کی کیا کریں اور مدرس سے مشورہ کرکے باتفاق رائے ممبران میں سے کسی کو اطلاع عدم یا کم لیاقتی طالب علم کے دیا کریں۔

العبد	العبد	العبد	العبد	العبد	العبد
سید احمد یونس	سید لونگر علی	قاضی فضل الرحمن	خواجہ احمد حسن	میر جمعیت علی	حکیم مشتاق احمد۔ یہ تجویز میرے نزدیک مناسب ہے

آئین تعطیل و رخصت و غیر حاضری

دفعہ ۱۔ یوم شب برات اور یوم عشرۂ محرم مدرسہ بند نہوگا مگر جماعت فارسی و قرآن کی تعطیل رہے گی۔

دفعہ ۲۔ یوم عید الفطر اور دو روز بعد اس کے جملہ تین روز اور پانچ روز عید الضحےٰ ۹ سے ۱۳ تک کل مدرسہ کی تعطیل ہوا کریگی۔

دفعہ ۳۔ بلا لحاظ تغیر و تبدل ایام فراغ امتحان کے تین روز آخر ماہ شعبان سے مدرسہ بند کیا جائے گا۔

دفعہ ۴۔ ماہ رمضان المبارک میں تمام ماہ تعطیل رہا کریگی یہ زمانہ رخصت رعایتی ملازمان میں محسوب سمجھا جاوے گا۔

دفعہ ۵۔ رخصت تین قسم کی ہے۔ رعایتی۔ بوجہ بیماری۔ اتفاقی بضرورت امور خانگی۔ رخصت رعایتی زمانہ غیر حاضری رمضان المبارک میں محسوب ہے لہذا تنخواہ بلا وضع ملا کرے گی۔ رخصت بوجہ بیماری سال بھر میں ایک ماہ تک دفعۃً واحدۃً یا مختلف اوقات میں بلا وضع تنخواہ مل سکتی ہے بشرطیکہ وہ بیماری ایسی ہو کہ کام متعلقہ مدرسہ نہ ہو سکے۔ رخصت اتفاقی سال بھر میں دو ہفتہ کی بلا وضع تنخواہ مل سکے گی یعنے بعد کارگزاری ششماہی اول کے ایک ہفتہ کی اور بعد ششماہی دوم کے ایک ہفتہ کی اور اسکا تجزیہ بھی ہو سکتا ہے مگر دو ہفتہ جمع نہ کیے جاویں گے۔

دفعہ ۶۔ اگر کوئی ملازم رخصت اتفاقی رخصت رعایتی سے ملانا چاہے تو ممکن نہیں۔

دفعہ ۷۔ کوئی رخصت بلا منظوری تحریری رخصت نہ سمجھی جاوے گی اور کسی وقت بسبب تنگی وقت اور ضرورت امور خانگی موقع

حصول اجازت تحریری نہ ل سکے تو لازم ہے ایک درخواست تحریری باندراج سبب عدم حصول رخصت تحریری لکھکر مہتمم کو دی جاوے مہتمم تحریر درخواست پر لحاظ کرکے وقت واپسی کتاب رخصت میں لکھواکر منظوری لکھدے گا۔

دفعہ ۸۔ اگر کسی ضرورت لاحقہ کی وجہ سے کوئی ملازم غیر حاضر ہو بعد ثبوت معذور متصور ہوکر لایق معافی خیال کیا جا سکتا ہے غایت درجہ تعداد اُس کی سال بھر میں دو تین روز سے زیادہ نہ سمجھی جاوے گی۔

دفعہ ۹۔ درصورت غیر حاضری بعذر بیماری یا کسی اور وجہ کے بلا حصول رخصت ہر ملازم کی تنخواہ وضع کی جاوے گی اور لحاظ اسکا نکیا جاوے گا کہ اسکو استحقاق کسی قسم کی رخصت کا حاصل ہے۔

دفعہ ۱۰۔ مہتمم اور محافظ کتب خانہ وغیرہ تعطیل ماہ رمضان المبارک اور دیگر رخصتوں سے مستثنےٰ ہیں اگر بندوبست کام متعلقہ اپنے کا کردیں تو مستفید ہو سکتے ہیں۔

العبد	العبد	العبد	العبد	العبد	العبد
سید تونگر علی	قاضی فضل الرحمن	محمد مشتاق احمد	سید احمد یونس	میر جمیت علی	ڈپٹی نجف علی

آئین طلبہ عربی خواں

دفعہ ۱۔ کوئی طالبعلم بیرونی جب تک امتحان کافیہ یا مرقاۃ یا منیہ اور انشاء املا میں نہ دیگا داخل مدرسہ نہ کیا جاویگا۔ طلباء اعلےٰ درجہ کے سوا انشاء املا کے اور امتحان سے مستثنےٰ کیئے گئے ہیں اور زبان اردو سے محض ناواقف نہونا چاہیئے البتہ اگر جماعت کامل صرف فارسی داں ہو تو مضایقہ نہیں۔

دفعہ ۲۔ جو طالبعلم کسی دوسرے مدرسہ عربی کا یہاں داخل ہونا چاہیگا اور مابین ہر دو مدرسہ معاہدہ ہوگا بلا رضامندی دریافت وجہ ترک داخل مدرسہ نہو سکےگا اور اگر مدرسہ کا ہوگا تاہم بھی مناسب ہوا تو استفسار کیا جاوے گا۔

دفعہ ۳۔ پابندی تمام وقت درس مدرسہ کے کل طلبہ کو کرنی ہوگی خاص کر جو طالبعلم بوجہ تعلق مدرسہ کے کھانا یا دوسرے کسی طرح کی امداد پاتا ہو اسکو ضرور تمام وقت خواندگی میں حاضر اور مستفیض رہنا چاہیے محض ایک دو سبق پر اکتفا نکرنا چاہیے۔

دفعہ ۴۔ جو طالبعلم بیرونی بلا عذر قوی کے برابر دس روز غیر حاضر رہے یا متفرق اوقات میں سال بھر پندرہ روز غیر حاضر رہے تو بعد منظوری اہل شوریٰ سے مدرسہ سے خارج کیا جاوے گا۔

دفعہ ۵۔ جب طالبعلم بوجہ بیماری یا رخصت غیر حاضر ہو تو جو کتب مدرسہ اُس کے پاس ہوں داخل مدرسہ کردے پھر وقت حاضری دی جاویں۔

دفعہ ۶۔ علاوہ حاضری روزمرہ کے گاہ گاہ اوقات مختلفہ میں بلا تعیین وقت حاضری لیجاویگی جو حاضر نہوگا غیر حاضر سمجھا جاویگا اور جو طالب علم بغیر وجہ خاص کے حاضری کے وقت زیادہ غیر حاضر ہوگا اُسکا نام خارج کیا جاویگا۔

دفعہ ۷۔ جماعت تین طلبہ سے کم نہوگی۔

دفعہ۸۔ کسی طالب علم کے سبق سوائے املا و انشا کے ۳ سے کم ۴ سے زیادہ نہوں گے۔
دفعہ۹۔ جائے سکونت اکثر طلبہ مساجد ہیں اور بوجہ قیام مساجد طلبہ کو نماز پڑھانی پڑتی ہے اسلیے اُنکو ضرور ہوگا کہ تصحیح تلفظ قرآن و حفظ سورہا سے جو زیبہ الصلوۃ اپنے ذمہ واجب خیال کریں۔
دفعہ۱۰۔ امتحان تحریری ماہوار ہر جماعت کا آخری پنجشنبہ ہر ماہ کو لیا جاویگا اور ہر مدرس دوسرے مدرس کی جماعت متعلقہ کا امتحان لے کر نمبر دیگا اور وہ نمبر درج کتاب رجسٹر خواندگی کیا کرے گا۔
دفعہ۱۱۔ امتحان سالانہ ماہ شعبان میں ہوا کرے گا اور جو طالب علم نمبر نصاب حاصل کرے گا مستحق انعام ہوگا اور قبل آغاز امتحان کے اسباق موقوف ہو کر مہلت واسطے اعادۂ خواندگی کے دی جاوے گی۔ اور جو طالبعلم امتحان تقریری یا تحریری میں دوسرے سے امداد لیگا یا دیگا انعام سے محروم ہو کر درج کیفیت سالانہ کیا جاوے گا۔ اور نصاب نمبر کا اعلےٰ ۲۰ تجویز ہے اور ۱۵ اکم سے کم درجہ کامیابی کا محدود ہے۔

آئین جماعت فارسی

دفعہ۱۔ مدرس بدون اجازت و اطلاع مہتمم کسی طالبعلم کو داخل یا خارج نکرسکیگا اور طلبہ بیرونی داخل نہوں گے۔
دفعہ۲۔ جو اطفال نابالغ مدرسہ میں داخل ہونا چاہیں بدون اجازت اُن کے بزرگوں کے داخل نہ کیے جاویں گے۔
دفعہ۳۔ جو طالب علم بلا سبب معقول مدرسہ سے دس روز برابر غیر حاضر رہے خارج کیا جاوے پھر باختیار مہتمم داخل کرنا اس کا ہوگا اور اگر وارث اُسکا داخل کرنا چاہے تو باستصواب مہتمم داخل ہوسکے گا اُسکے بعد اگر پھر دس روز برابر غیر حاضر رہے تو بالکل خارج کیا جاوے گا۔ مگر کوئی ممبر یا اہل شوریٰ اجازت دیں تو داخل ہوسکتا ہے۔
دفعہ۴۔ کوئی طالبعلم واسطے حوائج ضروری کے بدون اجازت مدرس نہ اُٹھے اور جو جگہ مدرس نے تجویز کردی ہو اُس سے تجاوز نہ کرے اگر مرتکب ہوگا تو مستوجب سزا ہوگا جو مناسب حال تجویز کردی جاوے۔
دفعہ۵۔ کوئی طالبعلم بدون اجازت مدرس اور مشورۂ مہتمم نہ کوئی کتاب شروع کرے اور نہ کسی کتاب کو چھوڑ سکے۔
تنبیہ۔ اس دفعہ کا فقرۂ اخیر طلبۂ عربی سے بھی متعلق ہے۔
دفعہ۶۔ کسی طالبعلم کو علاوہ املا و انشا کے دو سے زیادہ سبق پڑھنے کی اجازت نہیں اگر حساب ہو تو مضایقہ نہیں۔
دفعہ۷۔ طلبہ کسی آدمی اجنبی کو بلا اجازت مدرس اپنے پاس نہ بٹھائیں اگر ایسا ہوگا تو مستوجب سزا ہوں گے جو مناسب وقت ہو
دفعہ۸۔ جو طالب علم زلیخا تک پڑھ چکا ہو مناسب ہے کہ اسکو عربی شروع کرادی جائے۔
دفعہ۹۔ مدرس امتحان ماہواری آخری پنجشنبہ ہر ماہ کو لیا کرے گا اور نمبر دیکر درج کتاب خواندگی کیا کرے گا۔
دفعہ۱۰۔ جہاں تک ممکن ہو سبق مکرر نہو۔ البتہ اگر ایک کتاب بہت جگہ سے دور ہو تو مضایقہ نہیں۔

دفعہ ۱۱۔ دفعہ ۳۔ آئین طلبہ عربی خواں جماعت فارسی سے بھی متعلق ہے۔
دفعہ ۱۲۔ تہذیب وحسن ادب اطفال میں کوشش کی جاوے اور تعمیل اس دفعہ کی ضرور خیال کی گئی ہے۔
دفعہ ۱۳۔ مشق تختی اطفال اور مسودہ نویسی ودرستی املا وانشا میں کوشش بلیغ کی جایا کرے کسی طرح کی کوتاہی نہوا کرے ورنہ مدرس مستحق بازخواست ہوگا۔

آئین تعلیم قرآن

دفعہ ۱۔ مدرس کو نسبت جملہ طلبہ جن کی حراست ذمہ اُس کے ہے پابندی قوانین ذیل کے کرنی ہوگی۔
دفعہ ۲۔ تجوید اور ترتیل یعنے حفظ وقوف اور ادائے حروف اور رعایت اعراب تعلیم قرآن میں ذمہ مدرس لازم ہے اور یہ امر ایک بڑا حصہ اغراض مدرسہ کا ہے جسکا وجوب قرآن اور حدیث سے ثابت ہے کما قال اللّٰہ تعالیٰ وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِیْلًا ؕ وقال صلی اللہ علیہ وسلم لا صلوٰۃ الا بقراۃ القرآن وقراۃ القرآن غیر معتبر الا بالتجوید۔ وقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رب قاریٔ یقرأ القرآن والقرآن یلعنہ وقال صاحب الجزریۃ ؎ والاخذ بالتجوید حتم لازم ٭ من لم یجود القرآن فھو اثم ٭ وقیل ھو فرض فقط از رسالۃ التجوید المحمدی۔
دفعہ ۳۔ تعظیم قرآن مجید اوقات درس میں ملحوظ رہے لہذا ہر طالب علم کے واسطے ضرور اور لازم ہے کہ کلام مجید کو رحل یا تکیہ یا اور کوئی شے بلند پاک پر رکھکر پڑھے مگر افضل اور مسنون تکیہ ہے۔
دفعہ ۴۔ جہاں تک ممکن ہو لڑکے پاک صاف باطہارت قرآن شریف کو ہاتھ لگایا کریں۔
دفعہ ۵۔ چونکہ تعلیم قرآن میں طلبہ کا بہت وقت صرف ہوتا ہے اور بعد ختم قرآن توجہ دیگر علوم کی طرف کرتے ہیں تو اس وقت املا وانشا مایقرأ سے عاری ہوتے ہیں اور یہی وجہ ہے کہ اکثر حفاظ بعد شد بود املا وانشا سے بے بہرہ ہوتے ہیں اس واسطے ضرور ہے کہ ہنگام تعلیم قرآن ایک وقت لکھایا بھی جائے کوتاہی نہ کی جائے۔
دفعہ ۶۔ دیگر دفعات مرقومۂ بالا متعلقۂ مدرسین وطلبہ یہاں بھی نافذ سمجھی جاویں گی۔
دفعہ ۷۔ معلم قرآن طلبہ کو ہدایت کرے کہ دوسرے وقت تختی لکھا کریں تاکہ انکو عادت کتابت ہو بعد اجراء اس قاعدہ کے بصورت ضرورت کوئی اصلاح دینے والا مقرر کیا جاوے گا۔

آئین امداد طلبہ

دفعہ ۱۔ سرما میں ایک انگہ جس میں روئی آدھ سیر تک ہو دو سال کے واسطے ایک ضائی جس میں روئی ایک سیر تک ہو

دو سال کے واسطے دیجاویگی اور عاریۃً کسی طالب علم مستحق کو کپڑا نہ دیا جاوے گا بلکہ مستقل طور پر دیا جاویگا اور کسی وقت مناسب پر ایک چادر لیٹنے کی دیجاویگی۔ گرمایں نہایت سے نہایت بشرط گنجایش کے کرتہ یا انگرکھا ۲ عدد و پاجامہ پائجامہ ۳ عدد و کلاہ ۳ عدد اور ایک جفت پاپوش مضبوط ۱۰ ماہ کے واسطے بشرط ٹوٹ جانے کے۔ اور واضح ہو کہ یہ لباس اُس طالب علم کو ملے گا جو مدرسہ میں ۶ ماہ پڑھ چکا ہو اور مہتمم اور مدرسین کی رائے میں ہونہار اور تربیت پذیر ہو۔ جس طالب علم کو لباس ملے گا اُسکو دوبارہ لباس ملنے میں موسم اور مدت مذکور کا لحاظ رہے گا

دفعہ ۲ - ایک آنہ پارچہ شوئی ایک آنہ موتراشی فی طالب علم - دو آنہ تیل چراغ ماہوار فی دو طالب العلم مقرر ہیں لیکن بوقت ضرورت حاجت یعنے اگر مسجد کی روشنی مکتفی نہ ہو دی جاوے گی۔

دفعہ ۳ - بعض اوقات بنا بر رفع ضرورت کوئی کپڑا واسطے استعمال کے امانتاً بضمانت یا بلا ضمانت جیسا مناسب ہو مہتمم کی تجویز سے مل سکتا ہے۔

دفعہ ۴ - امداد بالا کے ملنے میں محتاج الیہ ہونا دیکھا جایا کرے گا یہ ضرور نہو گا کہ بغیر ضرورت بھی دیا جاوے۔

ذکر کارروائی مدرسہ

مدرسین مدرسہ سلمہم اللہ تعالیٰ اپنے کار منصبی میں بدل و جان مصروف رہے اور تعلیم میں کوتاہی نہیں کی چنانچہ نتیجۂ تعلیم حضرات ممدوح اور محنت طلبہ کا نقشہ نمبر (۵ و ۶) خواندگی سالانہ سے ظاہر ہے۔

نقشہ نمبر (۴) حاوی تعداد طلبہ بابت ماہ ذی الحجہ سنہ ۱۳۱۳ ہجری

درجۂ تعلیم	شہری	بیرون شہر	میزان	کیفیت
عربی	۱۰	۴۱	۵۱	
فارسی	۲۲	۱۱	۳۳	
قرآن شریف	۳۷	۸	۴۵	
میزان	۶۹	۶۰	۱۲۹	

ذکر امتحان سالانہ

حسب دستور قدیم جناب مولانا مولوی ذوالفقار علی صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ ماہ شعبان میں واسطے امتحان سالانہ تشریف لائے اور تین روز تک امتحان تحریری و تقریری لیا اور جناب مولانا صاحب موصوف مولوی ابوالحسن صاحب مہتمم جامع مسجد سہارنپور نے بھی بشرکت مولوی رحیم بخش صاحب بعض کتب کا امتحان ۲ روز تک لیا۔ اور بعض کتب ماتحت عربی و تمام درجہ فارسی کا امتحان صرف مولوی رحیم بخش صاحب نے لیا۔ اور طلبہ حفظ درجہ قرآن مجید کا امتحان مولوی مشتاق احمد صاحب ممبر نے بہمراہی مولوی ابوالحسن صاحب کے اور طلبہ ناظرہ خوان کا امتحان مولوی عنایت الٰہی صاحب مدرس مدرسہ ہٰذا نے تنہا لیا جو عبارات نتیجۂ امتحان کی ثبت فرمائیں یہ ہیں۔

عبارت نتیجہ امتحان جناب مولانا ذوالفقار علی صاحب دام فیضہم

بتاریخ ۱۷و ۱۸و ۱۹ شعبان المعظم ۱۳۱۳ھ کمترین نے امتحان طلبہ مدرسہ مظاہر علوم کا علوم مروجہ مدرسہ میں لیا سجات مجموعی امتحان کا نتیجہ قابل اطمینان ہے چنانچہ فہرست نمبر ہائے امتحان سے یہ امر بخوبی واضح ہے اب قابل گزارش چند امور ضروریہ ہیں۔ ایک یہ کہ دفعات بالا کی تعداد طلبہ بہت گری ہوئی ہے اُن کی افزایش میں نہایت سعی درکار ہے اور بمقابلہ دفعات بالا کے دفعات تحتانی کی تعداد طلبہ بہت اچھی ہے اور اُن کا نتیجہ امتحان بھی دفعات بالا کی نسبت اچھا ہے اور قابل توجہ۔ دوسرے یہ کہ طلبہ بالعموم تحریر میں کم مشق اور املا میں غلطیاں کرتے ہیں اور خط بھی اچھے نہیں ہیں یہ وجوہ بالعموم طلبہ کے لیے باعث مضرت ہیں۔ بالخصوص دفعات بالا کے لیے تو باعث سخت مضرت ہیں۔ مدرسین دفعات بالا کو ان عیوب کے دور کرنے میں کوشش بلیغ درکار ہے میں افسوس کرتا ہوں کہ میری فہمایش ہائے امتحانات سابقہ پر کچھ لحاظ نہیں کیا گیا اب بتاکید تمام گزارش ہے کہ مشق تحریر و خوش خطی و صحت املا میں بہت اہتمام کیا جاوے۔ ان چیزوں کی ترقی کے لیے آیندہ یہ قاعدہ عمل میں آوے گا کہ دفعات بالا کا شرح ملا تک اکثر تحریری امتحان ہوا کریگا اور اِن سے نیچے کی دفعات کا امتحان اکثر تقریری فقط — تکریر یہ کہ مدرسین کو لازم ہے کہ بوقت درس طلبہ کو اعراب کی غلط خوانی پر چشم نمائی کیا کریں فقط ذوالفقار علی عفا اللہ عنہ

عبارت نتیجہ امتحان محررہ مولوی ابوالحسن صاحب مہتمم جامع مسجد سہارنپور

کمترین نے بتاریخ ۱۷و ۱۸و ۱۹ شعبان ۱۳۱۳ھ بشرکت مولوی رحیم بخش صاحب کتب ذیل یعنی شرح وقایہ و مشکوٰۃ المصابیح و تفسیر جلالین و سنن ابوداؤد و ہدایہ جلد اول و شرح ملا و منیۃ المصلی و مرقاۃ و میزان منطق و ایساغوجی میں طلبہ مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور کا امتحان تقریری سالانہ لیا اکثر طلبہ نے نمبر انعامی حاصل کیے کہ جس کی تفصیل نقشہ امتحان سالانہ سے بخوبی واضح ہے تعلیم کتب مذکورہ قابل تحسین و اطمینان ہے۔ فقط ابوالحسن عفی عنہ

عبارت نتیجہ امتحان مولوی رحیم بخش صاحب ممتحن

احقر نے تاریخہائے مذکورہ بالا میں کتب مصرحہ سابق کا امتحان تقریری سالانہ طلبہ مدرسہ مسطورہ بشراکت مولوی ابوالحسن صاحب و صغریٰ و نحو میر و صرف میر و شرح مائۃ عامل عبدالرسول و تمام دفعات فارسی کا امتحان بلا شراکت لیا الحمد للہ اکثر طلبہ نے نمبر انعامی حاصل کیے۔ مدرسین اپنے فرض منصبی کے ادا کرنے میں بدل ساعی ہیں مگر مدرسہ کو مجموعی حیثیت سے ترقی کی ضرورت ہے۔ کتبہ الاحقر رحیم بخش عفا اللہ عنہ سہارنپوری۔

مختصر کیفیت کتب انعام جو بامداد اہل خیر اور بصرف مدرسہ فراہم ہوئیں

اس سال میں جناب شاہ امجد اللہ صاحب منصف عدالت دیوانی سہارنپور نے رسالہ تفسیر سورۂ فاتحہ لب عدد واسطے طلبہ مدرسہ ہذا کے عنایت فرمائے اور منشی عنایت اللہ خاں صاحب خلف محمد عبد اللہ خاں صاحب رئیس کیلاس پور نے جلد ثانی بخاری شریف قلمی مجلد منشی غیاث الدین صاحب ساکن محلہ آتش بازاں نے شرح وقایہ قلمی فارسی مجلد اور مولوی عبد اللہ صاحب مدرس اول مدرسہ یونیورسٹی الہ آباد نے حمد اللہ دو نسخہ عجالۃ الراکب پانچ نسخہ اور علی ہذا القیاس بعض صاحب مہتمم سہرن نے بھی کچھ کچھ رسائل واسطے طلبہ کے عنایت فرمائے جن کی پوری تشریح نقشہ ۱۱ و ۱۲ سے واضح ہو سکتی ہے جزاہم اللہ خیر اکثر نسخہائے مذکور وابعض کتب و رسائل بقیہ سابقہ واسطے تقسیم کے موجود تھے اور مبلغ مہتمم کے نے انعام کتب و رسالہ خرید ہو کر تکمیل تقسیم کی کی گئی ہے چونکہ کتب مرسلہ سابقہ مولوی خادم حسین صاحب رئیس لکھنؤ فرنگی محل و نیز حصہ جات حساب ماڈل کلاس مرسلہ سابقہ مولوی محمد شیر خاں صاحب سے امسال بھی مد انعام میں بہت کچھ امداد پہنچی اس لیے امسال خرید کتب کی کم ضرورت ہوئی اور کتب معطیہ حضرات مسبوق الذکر نے امداد وافی کی للہ الحمد۔

جناب مولانا مولوی ذو الفقار علی صاحب ممتحن و ممبر مدرسہ نے جو عبارت نتیجہ مشعر کامیابی طلبہ متعلقہ امتحان کے تحریر فرمائی اور نیز مصروفیت تعلیم و پابندی اوقات درس و جانفشانی سے واضح ہے کہ مولوی عنایت الٰہی و مولوی ثابت علی صاحبان نے امسال دربارہ تعلیم طلبہ کے عمدہ سعی و کوشش کی جس کا یہ نتیجہ ہوا کہ طلبہ متعلقہ ہر دو صاحبان نے امتحان سالانہ میں عمدہ کامیابی حاصل کی جس کا ہم شکریہ ادا کرتے ہیں اور دعا کرتے ہیں کہ حق تعالیٰ ہر دو صاحبان کو بمقابلہ اُن کی سعی کے جزائے خیر عطا فرماوے اور توفیق زیادتی سعی زیادہ کرے چونکہ بنظر حسن کارگزاری ہر دو صاحب ہمارے خیال میں مستحق خدمت و صلہ تھے لہذا باتفاق رائے اہل شوریٰ سے قرار پایا کہ بروقت جلسہ تقسیم انعام طلبہ سالانہ مبلغ دس دس روپیہ ہر دو صاحبان کی خدمت میں پیشکش کیے جائیں اور اس رقم کی بابت یہ قرار پایا کہ نصف رقم ہم اہل مشورہ اپنے پاس سے ادا کریں گے اور نصف رقم مدرسہ سے لی جائے گی۔ چنانچہ حسب التحریر اُن کی خدمت میں پیشکش کیے گئے۔

نقشہ نمبر (۵) حاوی تقسیم انعام طلبہ مدرسہ عربیہ مظاہر علوم سہارنپور بابت امتحان سالانہ ۱۳۱۳ھ

نمبر	نام طالب العلم مع سکونت	نام کتاب جس میں امتحان دیا اور منجملہ ۴۰ نمبر نصاب کے جو نمبر حاصل کیے	نمبر	نام کتاب انعامی	نمبر	نام طالب علم مع سکونت	نام کتاب جس میں امتحان دیا اور منجملہ ۴۰ نمبر نصاب کے جو نمبر حاصل کیے	نمبر	نام کتاب انعامی
۱	عبد القادر ولایتی	بیضاوی شریف	۴۰	بخاری شریف	۲	عبد الجبار ولایتی	بیضاوی شریف	۲۰	پنجسورہ مترجم
		ہدایہ جلد اول	۴۰	جلد ثانی مع			بخاری شریف	۱۶	جہار ترجمہ
		مشکوۃ شریف	۴۰	رسالہ محشی			مسلم شریف	۱۷	میرزاہد رسالہ
		شرح عقائد نسفی تحریری	۲۵	تبصرہ حصہ			شرح عقائد نسفی تحریری	۱۹	تبصرہ حصہ
		مختصر معانی ایضاً	۱۵	دوم مڈل			دیوان متنبی ایضاً	۱۲	دوم مڈل
		تفسیر جلالین	۴۰	کلاس			ہدایہ جلد ثانی	۱۵	کلاس
							ترمذی شریف	۹	

نمبر	نام طالب العلم مع سکونت	نام کتاب جسمیں امتحان دیا اور منجملہ ۲۰ نمبر نصاب کے جو نمبر حاصل کیے	نمبر حاصل کردہ	نام کتاب انعامی
۳	محمد ابراہیم کرانوی	بیضاوی شریف	۲۰	مختصر معانی
		تفسیر جلالین	۱۹	پنجسورہ مترجم
		شرح عقائد نسفی تحریری	۱۹	میرزاہد
		دیوان متنبی ایضاً	۱۲	رسالہ حصہ دوم
		ہدایہ جلد ثانی "	۱۴	حساب
۴	سید احمد ولایتی	بیضاوی شریف	۱۹	تجمہ میرزاہد
		جلالین	۱۴	رسالہ عجالۃ
		ہدایہ جلد اول	۲۰	الراکب
		شرح عقائد نسفی تحریری	۴	حصہ دوم
		ہدایہ جلد ثانی "	۱۵	
۵	صدرالدین پنجابی	بیضاوی شریف	۱۴	رسالہ تفسیر
		ہدایہ جلد اول	۱۵	سورۂ فاتحہ
		ایضاً دیگر جار	۱۹	میرزاہد رسالہ
		دیوان متنبی تحریری	۲ فقط	
۶	[illegible] بنگالی	بخاری شریف	۱۴	رسالہ تفسیر
		ابن ماجہ	۱۵	سورۂ فاتحہ
		جلالین	۱۰	میرزاہد رسالہ
		ترمذی تحریری	۴ فقط	
۷	[illegible]	بخاری شریف	۱۵	شرح عقائد
		مسلم شریف	۱۶	نسفی تفسیر
		ابن ماجہ	۱۵	سورۂ فاتحہ
		ابوداؤد	۱۰	میرزاہد رسالہ عجالۃ الراکب
۸	نظام الدین بنگالی	ابن ماجہ	۱۴	
		ترمذی شریف تحریری	۳ فقط	
۹	غلام حیدر ترکستانی	تفسیر جلالین	۲۰	رسالہ تفسیر
		ہدایہ جلد اول	۲۰	سورۂ فاتحہ
		مشکوٰۃ شریف	۱۷	میرزاہد رسالہ
		شرح عقائد نسفی تحریری	۸ فقط	موطا امام محمد
		مختصر معانی ایضاً	۲۰	حصہ دوم حساب
۱۰	عبدالرحمن پنجابی	جلالین	۱۹	تفسیر فاتحہ
		مشکوٰۃ شریف	۱۹	حصہ دوم
		ہدایہ جلد اول	۲۰	میرزاہد رسالہ
		مختصر معانی	۳ فقط	تنویر العیون
۱۱	مولا بخش پنجابی	تفسیر جلالین	۲۰	تفسیر فاتحہ
		ہدایہ جلد اول	۲۰	میرزاہد رسالہ
		ایضاً آخرین	۲۰	حصہ دوم
		شرح ملا بحث فعل	۲۰	حساب
		شرح ملا بحث اسم تحریری	۱۵	شرح قاضی مبارک قطبی
۱۲	اکبر علی پنجابی	جلالین	۱۷	تفسیر فاتحہ
		شرح ملا بحث فعل	۱۷	میرزاہد
		شرح ملا بحث اسم تحریری	۱۲	رسالہ حصہ دوم حساب

نمبر شمار	نام طالب العلم مع سکونت	نام کتاب جسمیں امتحان دیا اور منجملہ ۲۰ نمبر نصاب کے جو نمبر حاصل کیے	نمبر حاصل	نام کتاب انعامی
۱۳	عبد القادر بنگالی	جلالین	۱۹	میرزاہد رسالہ
		مشکوٰۃ شریف	۱۹	حصہ دوم
		ہدایہ جلد اول	۱۶	حساب عجالۃ الراکب
۱۴	علیم الدین بنگالی	جلالین	۱۹	میرزاہد رسالہ
		مشکوٰۃ شریف	۲۰	حصہ دوم
		ہدایہ جلد اول	۱۹	عجالۃ الراکب
۱۵	عبد الغفور بنگالی کلاں	جلالین	۱۷	میرزاہد
		مشکوٰۃ شریف	۱۸	رسالہ حصہ دوم
		ہدایہ جلد اول	۸ فقط	
۱۶	شمس الدین پوربی	ہدایہ جلد اول	۱۶	میرزاہد رسالہ
		مشکوٰۃ شریف	۱۹	حصہ دوم تفسیر فاتحہ
۱۷	حامد حسن گنگوہی	مشکوٰۃ شریف	۲۰	تفسیر فاتحہ
		شرح وقایہ	۱۹	میرزاہد رسالہ
		شرح ملا بحث فعل	۱۹	حساب اول
		ایضاً بحث اسم تحریری	۱۷	آداب المریدین
۱۸	عبد الغفور پوربی	مشکوٰۃ شریف	۱۵	عجالۃ الراکب
		شرح ملا بحث فعل	۲۰	میرزاہد رسالہ
		شرح وقایہ	+	
		شرح ملا بحث اسم تحریری	۸ فقط	
۱۹	علی محمد ٹونکی	مشکوٰۃ شریف	۱۹	میرزاہد رسالہ
		کنز الدقائق	۱۵	حصہ حساب
		شرح ملا بحث اسم تحریری	۱۲	
۲۰	بشیر احمد بوڈھانوی	شرح وقایہ	۲۰	تفسیر فاتحہ
		شرح ملا بحث فعل	۲۰	میرزاہد رسالہ
		کنز الدقائق	۲۰	شرح وقایہ
		شرح ملا بحث اسم تحریری	۱۷	فارسی قلمی مجلد [illegible]
۲۱	محمد یٰسین نگینوی	شرح وقایہ	۲۰	رسالہ تفسیر
		کنز الدقائق	۲۰	میرزاہد رسالہ
		شرح ملا بحث اسم تحریری	۱۲	
۲۲	حافظ محمد پنجابی	شرح وقایہ	۱۸	رسالہ تفسیر
		کنز الدقائق	۱۹	میرزاہد رسالہ
۲۳	محمد اکرم بنگالی	شرح وقایہ	۱۸	رسالہ تفسیر
		شرح ملا بحث فعل	۱۷	میرزاہد رسالہ
		کنز الدقائق	۱۹	حصہ دوم
		شرح ملا بحث اسم تحریری	۱۶	حساب
۲۴	صغیر احمد سہارنپوری	شرح ملا بحث فعل	۱۸	رسالہ تفسیر
		ایضاً بحث اسم تحریری	۱۵	میرزاہد رسالہ
		تہذیب ایضاً	۱۲	
